Kitab Nagri Special




Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کتاب نگری

www.kitabangri.com

# Kitab Nagri Special

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

samiyach02@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Page/Social Media Writers .Official

Fb/Pg/Kitab Nagri

samiyach02@gmail.com

انتباہ: اس ناول کے تمام جملہ حقوق کتاب نگری ویب کے پاس محفوظ ہیں کسی بھی طرح کاپی کرنے سے گریز کیا جاے۔

Kitab Nagri Special

# میرا عشق جانے

## از قلم شہزادی حفصہ

(حقیقی داستان)

قسط نمبر 5

## باب نمبر 5

## اظہارِ محبت مشکل ہے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ اشر سے ملنے نہیں گئی تھی۔ایک طرف دل پر سکون بھی تھا تو دوسری طرف وہ تھوڑا پریشان بھی تھی کہ اگر اس نے نہ آنے کی وجہ پوچھی تو کیا بتائے گی؟

امل کتاب کے مطالعے میں مصروف تھی جب دعا پر نظر پڑی۔دعا بار گھڑی دیکھ رہی تھی۔

"ٹرین کا انتظار کر رہی ہو کیا؟"طنز کیا۔

"کیا مطلب؟" وہ چونکی۔

"گھڑی جو بار بار دیکھ رہی ہو۔" امل مسکرائی۔

"وہ میرا انتظار کر رہا ہو گا۔" وہ پریشانی سے بولی۔

"کون؟ اشر؟" اس بار امل چونکی۔

دعا نے اثبات میں سر ہلایا۔

"کیا تم جا رہی ہو؟" امل نے مشکوک لہجے میں پوچھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"نہیں" دعا نے نفی میں سر بھی ہلایا۔

"تو پھر؟" امل کو اس کی دماغی حالت ٹھیک نہیں لگی۔

"اگر اس نے پوچھا تو میں کیا جواب دوں گی؟" وہ مزید پیشانی سے بولی.

"حد ہی ہو گئی...... مجھے ایسے ہی تمہاری دماغی حالت ٹھیک نہیں لگنے لگی تھی۔ کہہ دینا کہ میری طبیعت ٹھیک نہیں تھی اور میری تمہارے علاوہ کوئی دوست نہیں ہے۔ چِل اینڈ ریلیکس" امل نے اسے آنکھ بھی ماری۔

Kitab Nagri Special

دعا مسکرادی تھی۔

********

اگلے دن وہ ملا.......

تھوڑا بھی نہیں زیادہ خفا لگا.......

وہ دعا کے سامنے ہی کھڑا تھا اور دعا کو فکر نے آگھیرا تھا وہ تینوں کسی بھی وقت آسکتے تھے....... اگر دعا کو اشر کے ساتھ دیکھ لیا تو پتا نہین کیا سوچیں گے؟

"اچھا نہیں کیا آپ نے" وہ خفگی سے بولا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"میری روم میٹ کی طبیعت خراب ہو گئ تھی۔" اس نے وہیں کہا جس کا آئیڈیا امل نے دیا تھا۔

"جھوٹ" وہ ماننے سے انکاری تھا۔

"کیا کہا آپ نے؟ میں جھوٹ بول رہی ہوں؟" دعا کو غصہ آیا۔

Kitab Nagri Special

اسے غصے میں دیکھ کر اشر تھوڑا نرم پڑا۔

"میں انتظار کر تا رہا تھا۔" وہ اداسی سے بولا۔

"مانتی ہوں کہ آپ کو انفارم کر دینا چاہیے تھا مگر ہمارے پاس ایک دوسرے کا نمبر نہیں ہے۔"

"تو لے لیں" دعا کو لگا یہ بات گلے پڑ گئ اور اس کی نظر سحر ش پر پڑی۔

"آپ.... آپ مجھ سے بعد میں بات کیجۓ گا...... پلیز ابھی جائیۓ۔" وہ حد درجہ گھبرائی ہوئی لگی۔

"دعا" ......

"پلیز بات سمجھیے" دعا نے اس کو وہیں چھوڑا اور خود وہاں سے چل پڑی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اشر نے اسے پلٹ کر دیکھا ضرور تھا مگر پیچھے نہیں آیا تھا۔

*********

وہ واٹس ایپ آن کیے بیٹھے تھی جب خضر کی کال آنے لگی۔

Kitab Nagri Special

امل نے برا منہ بنایا اور کاٹ دی.......

مگر وہ تو اس سے بھی زیادہ ڈھیٹ تھا۔

پھر کال کرنے لگا۔

"مسئلہ کیا ہے تمہارے ساتھ؟" کال ریسیو کرتے ہی وہ دھاڑی۔

"تمہیں نہیں پتا؟ افسوس ہوا" وہ لہجہ بھی افسردہ بنا کر بولا تھا۔

"میں کال کاٹ رہی ہوں۔" وہ غصے سے بولی۔

"رکو رکو......وہ کل میری برتھ ڈے ہے۔"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"تو میں کیا کروں؟"

"بھنگڑے ڈالو "

"تم خود ہی کافی ہو اس کام کے لیے"

"تم مجھ سے اب ویسے بات نہیں کرتیں جیسے پہلے کرتی تھیں۔" وہ ناراضی سے بولا۔

"کیونکہ تب تک مجھے تمہارے دماغ کے گند کا پتہ جو نہیں تھا۔"

"یہ گند تمہارا ہی تو ہے۔" وہ قہقہہ لگا کر بولا۔

"اچھا سنو...... تم آرہی ہو نا پھر؟" اچانک ہی خضر کو خیال آیا تھا کہ وہ کال کاٹنے کی دھمکی دے چکی ہے۔

"کہاں؟"

"جہنم میں"

"تم ہی جاؤ"

Kitab Nagri Special

"اللہ کی بندی اپنے گھر کی بات کر رہا ہوں۔ پارٹی رکھی ہے میں نے۔"

"دعا آئے گی تو میں بھی آجاؤں گی......اب میرا دماغ نہ کھانا۔"

"آئیڈیا اچھا ہے..... کیوں نہ ڈنر میں تمہارا دماغ رکھوا لوں"

"ویری فنی"

"آؤ گی نا؟" اس نے بڑی امید سے پوچھا تھا۔

"میں جواب دے چکی ہوں۔ دعا آئے گی تو آجاؤں گی۔"

"چلو ٹھیک ہے۔"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"اللہ حافظ" کال کاٹنے والی امل ہی تھی۔

********

"سنو تم تیار ہو جاؤ.......وجاہت آرہا ہے تمہیں لینے" دعا امل کا ڈریس سلکٹ کر چکی تھی۔ اب وہ جیولری دیکھ رہی تھی۔

Kitab Nagri Special

"کیوں؟"امل نے ناسمجھی سے پوچھا۔

"آج خضر کی برتھ ڈے ہے نا "

"تو تم نہیں جارہیں؟"

"نہیں یار تمہیں پتا تو ہے کہ سحر ش......بس سمجھ جاؤ۔ "

"تم نہیں جارہیں تو میں بھی نہیں جاؤں گی۔ "

"یہ کوئی بات نہیں ہوئی" دعا نے خفگی سے کہا۔

"میں اسے بھی یہ بتاچکی ہوں۔"

"امل پلیز بچوں والی باتیں نہ کرو کہ امی آپ نہیں جائیں گی تو میں بھی نہیں جارہی......میں نے اس سے وعدہ کیاہے تمہیں بھیجنے کا۔"

"مجھ سے پوچھ کر کیا تھا؟"

"تم اتنا غصہ کیوں کررہی ہو امل؟" دعا کافی دیر سے نوٹ کررہی تھی......اس بار ٹوک ہی دیا۔

Kitab Nagri Special

"یار وہ بہت طنز کرنے لگا ہے مجھے غصہ آجاتا ہے۔" سنتے ہی دعا نے ہنسی کے فوارے اچھالے۔

"چلو میں اسے کہہ دوں گی کہ آج میری دوست کو تنگ نہ کرے۔" دعا اس کے گال کھینچتی ہوئی بولی۔

"بات سنو تم نے کہیں خضر سے کچھ بکواس تو نہیں کی؟"

"کیسی بکواس؟"

"جو میں نے تم سے اس رات کی تھی۔"

"نہیں یار......وہ راز محفوظ ہے......چلو میں تمہیں تیار کروں۔"

*********

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

امل وجاہت کے ساتھ جا چکی تھی۔

دعا کسی کتاب کے مطالعے میں مصروف تھی جبھی سحرش نے اسے مخاطب کیا۔

"آپ کا سیل فون چاہیے۔"

"خیریت؟" دعا نے کتاب پر سے توجہ ہٹاتے پوچھا۔

Kitab Nagri Special

"اپنا ابھی چارج پر لگایا ہے۔بیٹری 0 ہو چکی ہے۔مگر مجھے اپنی دوست کو کال کرنی ہے۔کل ہماری پریزنٹیشن ہے اسے کچھ بتانا ہے۔"اس نے جلدی جلدی وجہ بتائی۔

"یہ لو"دعا نے اپنا سیل فون اسے دے دیا تھا.

ساتھ میں نوٹ بھی کیا تھا کہ اس نے گیلری کی طرف جا کر کال ملائی تھی۔

ٹھیک آدھے گھنٹے بعد اس نے دعا کو اس کا سیل فون واپس دے دیا تھا۔

سیل فون واپس ملتے ہی دعا نے فیسبک کھولی۔

وہاں اشر کی ریکوسٹ آئی ہوئی تھی۔

دعا پہلے تو حیران رہ گئی کہ اسے آئی ڈی کیسے مل سکتی ہے کیونکہ وہ اس کے نام پر نہیں تھی.

Kitab Nagri

عجیب کشمکش میں گھرتے ہوئے اس نے ریکوسٹ ایکسیپٹ کرلی.

www.kitabnagri.com

اسی وقت اشر کا میسج بھی آگیا۔"ہائے"

دعا نے سین کر کے کوئی رپلائی نہیں دیا۔

"دعا؟"کچھ ہی دیر میں اس کا دوبارہ میسج آیا۔

Kitab Nagri Special

"آپ کو کیسے پتا چلا یہ آئی ڈی میری ہے؟" اس نے ڈائرکٹ وہی سوال پوچھا جو اسے تنگ کر رہا تھا۔

"خود کو مجھ سے جہاں چھپانا چاہو چھپا نہیں پاؤ گی۔" اس نے دعا کے میسج پر ہاہاری ایکٹ بھی کیا تھا۔

جس دن سے دیکھا ہے تم کو صنم

بیچین رہتے ہیں اس دن سے ہم

۔

لگتا ہے ایسا خدا کی قسم

تم میرے ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تم میرے ہو

۔

ساون ہے برسات ہوتی نہیں

کھل کہ کوئی بات ہوتی نہیں

۔

کیسے بتائیں یہ تم کو صنم

تم میرے ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تم میرے ہو

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

۔

شاعر جو ہوتا تو تیرے لیے

کہتا غزل میں کوئی پیار کی

۔

ہوتا مصور تو اپنے لیے

مورت بناتا رخ یار کی

۔

تصویر تیری بناتا میں

سارے جہاں کو دیکھاتا میں

۔

پر کیا کرو کے مصعور نہیں

ہے بدنصیبی کہ شاعر نہیں

۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Kitab Nagri Special

کیسے بتائیں یہ تم کو صنم

تم میرے ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تم میرے ہو

۔

راتوں کو کروٹ بدلتے ہیں ہم

شمع کی مانند جلتے ہیں ہم

۔

تم ہی بتاؤ کہ ہم کیا کریں

چاروں طرف دیکھتے ہیں تمہیں

۔

اس میں خطا کیا ہماری ہے

ہر شے میں صورت تمہاری ہے

۔

کلیوں میں تم ہو

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Kitab Nagri Special

بہاروں میں تم

اس دل میں تم ہو

نظاروں میں تم

۔

کیسے بتائیں یہ تم کو صنم

تم میرے ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تم میرے ہو

دعا کو اس بات کا مطلب سمجھ نہیں آیا اور جو سمجھ آیا اسے وہ قبول کرنے سے انکاری تھی.

"اب ملنے کا دن فائنل کرو۔" اشر کا میسج آیا۔

"اللہ یہ پھر شروع ہو گیا۔" دعا نے برا منہ بنایا۔

"کل مل لیتے ہیں مگر آدھے گھنٹے کے لیے۔" جان چھڑانے کے لیے اس کی بات ماننا ہی دعا کو ضروری لگا تھا۔

"ٹائم؟"

"پانچ بجے" میسج بھیجتے ہی دعا آف لائن ہو گئی۔

**********

Kitab Nagri Special

خضر کی برتھ ڈے پارٹی میں زیادہ لوگ نہیں تھے۔

خضر کی نظر اس پر پڑی تو وہ کہیں کھو سے گیا تھا۔ بلاشبہ وہ آج نک سک سی تیار ہو کر بہت خوبصورت لگ رہی تھی۔

وہ وجاہت اور خضر کے علاوہ کسی کو جانتی ہی نہیں تھی لہذا خضر کی طرف قدم بڑھا دیے۔ وجاہت نہ جانے کہاں تھا۔

" Happy Birthday "

"تھینک یو" اس کی آواز پر وہ ہوش میں آیا تھا۔ آس پاس دیکھنے کا بھی خیال آیا۔

"بہت خوبصورت لگ رہی ہو۔" وہ دل کی بات زبان پر بھی لے آیا اور امل کے چہرے پر اناری رنگ چھا گیا.

"تمہارے پیرنٹس کہاں ہیں؟" خود پر سے توجہ ہٹوانے کی لیے اس کے ذہن میں یہی خیال آیا۔

"وہ آگئے" سیڑھیوں سے اترتے نفوس کی طرف خضر نے اشارہ کیا تھا۔

"کیسی ہو بیٹا؟ بہت اچھا لگا تم سے مل کر...... تمہاری دوسری دوست نہیں آئی؟" خضر کی ماں نے امل کو پیار کرتے پوچھا۔

Kitab Nagri Special

"نہیں اسے ٹمپریچر تھا" امل کو یہی کہنا مناسب لگا۔

"چلو تم لوگ باتیں کرو میں دوسرے مہمانوں کو دیکھوں۔" وہ آگے چل پڑی تھیں۔

"کیا تم میرے ساتھ باہر گارڈن میں چل سکتی ہو؟ "

"کیوں؟" امل نے مشکوک لہجے میں پوچھا۔

"تمہیں کھانے کا ارادہ بالکل نہیں رکھتا ہوں۔ فکر نہ کرو۔ "

"چلو" امل نے بالآخر اس کی بات مانی۔

وہ اسے گارڈن میں لایا اور اس کے سامنے آ کھڑا ہوا۔

"کیا تم مجھ سے محبت کرتی ہو؟" اس کی آنکھوں میں دیکھتے پوچھا۔

"نہیں" امل نے آنکھیں بند کرتے ہوئے نفی میں سر بھی ہلایا۔

"ظلم نہ کرو" اس نے امل کا بازو پکڑا۔

امل نے اسے گھورا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Kitab Nagri Special

"اگر محبت لاحاصل ہو تب بھی محبت کرنے سے خود کو روکا نہیں جا سکتا۔"

امل کا دل حلق میں آ گیا۔

"میرے دل میں تمہارے علاوہ کوئی اور کبھی نہیں بس سکتا۔ مجھے تمہارا جواب چاہیے۔ کیا تم بھی ہمارے مقدر کے ایک ہونے کی دعا کرو گی؟ "

امل کا سر اثبات میں ہلا. اس کے آنسو رواں ہو گئے۔

"کیا تم جب تک کسی اور کے نام نہیں ہو جاتی تب تک اپنے دل کو میرے نام رکھو گی؟" امل نے محسوس کیا تھا خضر کو تکلیف ہوئی تھی۔

وہ پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔

"مجھے تم سے محبت ہے خضر" وہ گئی جس سے بھاگتی آئی تھی۔

کوئی غزل سنا کر کیا کرنا؟

یوں بات بڑھا کر کیا کرنا؟

Kitab Nagri Special

تم میرے تھے، تم میرے ہو

دنیا کو بتا کر،، کیا کرنا؟

تم عہد نبھاؤ،،،،، چاہت سے

کوئ رسم نبھا کر کیا کرنا؟

تم خفا بھی اچھے لگتے ہو

پھر تم کو منا کر کیا کرنا؟

تیرے در پہ آ کے،، بیٹھے ہیں

اب گھر بھی جا کر کیا کرنا؟

دن یاد سے اچھا گزرے گا

پھر تم کو بُھلا کر کیا کرنا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

خضر نے اس کا چہرہ تھاما۔

"کیا تمہیں پتا ہے تقدیر کون لکھتا ہے؟"

Kitab Nagri Special

امل نے آنسوؤں سے تر چہرے کو اثبات میں ہلایا۔

"پھر دعا کرو۔وہ قبول بھی تو کرتا ہے۔"اس نے امل کے آنسو صاف کیے۔

پیچھے سے وجاہت نے گلا کھنکھارا۔

وہ امل سے دور ہوا۔

"برتھ ڈے بوائے لوگ شک کر رہے ہیں" وجاہت نے مسکراتے ہوئے کہا۔

وہ بھی مسکرایا اور ہال کی طرف چل پڑا۔

وجاہت اور امل بھی اس کے پیچھے چل پڑے تھے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

*************

اسے ڈراپ بھی وجاہت نے ہی کیا تھا۔

آتے ہی وہ دعا پر برس پڑی.

تکیہ اٹھایا اور دھڑا دھڑ حملہ کیا.

"کیا کر رہی ہو؟" دعا نے بچاؤ کرنا چاہا مگر کر نہ سکی۔

"تم نے سب بتا دیا نا خضر کو؟" امل نے غصے سے پوچھا.

"اوہ تو کیا تم اس سے اظہارِ محبت کر آئی ہو؟" دعا نے خوشی سے پوچھا۔

امل نے مزید اس پر وار کیا۔

"تم دوست نہیں دشمن ہو" امل اسے مارے جا رہی تھی.

دل بھر گیا تو امل نے سانس لی۔

دعا نے بھنویں اچکائیں تو وہ شرما گئی۔

دعا نے فوراً ہی اس کی بلائیں لیں۔

"کیا تم میرے لیے دعا کرو گی؟" امل نے دعا کی طرف آس بھری نظروں سے دیکھا.

دعا کو وہ پریشان لگی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Kitab Nagri Special

"میں ضرور دعا کروں گی۔ تم پریشان مت ہو۔ اللہ سب ٹھیک کر دے گا۔"

"ان شاءاللہ" امل کو اپنی محبت کے معاملے میں صرف اللہ ہی پر بھروسہ تھا۔

وہ دل ہی کیا ترے ملنے کی جو دعا نہ کرے

میں تجھ کے بھول کے زندہ رہوں، خدا نہ کرے

رہے گا ساتھ ترا پیار، زندگی بن کر

یہ اور بات، مری زندگی وفا نہ کرے

یہ ٹھیک ہے نہیں مرتا کوئی جدائی میں

خدا کسی سے کسی کو مگر جدا نہ کرے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Kitab Nagri Special

سنا ہے اس کو محبت دعائیں دیتی ہے
جو دل پہ چوٹ تو کھائے مگر گلہ نہ کرے

اگر وفا پہ بھروسہ رہے نہ دنیا کو
تو کوئی شخص محبت کا حوصلہ نہ کرے

بجھا دیا ہے نصیبوں نے میرے پیار کا چاند
کوئی دیا مری پلکوں پہ اب جلا نہ کرے

زمانہ دیکھ چکا ہے پرکھ چکا ہے اسے
قتیل جان سے جائے پر التجا نہ کرے

(انتخاب، شاعر: قتیل شفائی)

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Kitab Nagri Special

جاری ہے۔


اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

samiyach02@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

www.kitabnagri.com

Fb/Page/Social Media Digest

Fb/Pg/Kitab Nagri

samiyach02@gmail.com